HBFC کو پرائیوٹائز نہیں کیا جائیگا، مشیر خزانہ کی ایم کیوایم کے وفد کو یقین دہانیاں

ڈاکٹر فاروق ستا کی قیادت میں ایم کیوایم کے وفد کی مشیر خزانہ سے ملاقات

اسلام آباد۔۔۔15، جون 2009ء

قومی اسمبلی میں حق پرست گروپ کے پارلیمانی لیڈر ووفاقی وزیر اوورسیز پاکستانی ڈاکٹر فاروق ستار نے پیر کے روز مشیر خزانہ شوکت ترین سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ڈاکٹر فاروق ستار کے ہمراہ حق پرست اراکین قومی اسمبلی بھی موجود تھے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن کی کارکردگی کو بہتر بنانے پر زور دیا اور محکمے کو پرائیوٹائزیشن کے حوالے سے ملازمین میں پائی جانے والی تشویش سے مشیر خزانہ کو آگاہ کیا۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے شوکت ترین کو عوامی مسائل اوران کے حل کی جانب توجہ دلائی اوراپنی تجاویز بھی پیش کیں۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے مشیر خزانہ کو تعمیراتی صنعت کو درپیش مسائل کے حوالے سے بھی آگاہ کیا اور ایم کیوایم کی جانب سے ملک بھر میں پبلک پرائیویٹ سیکٹر کے تعاون سے کم قیمت مکانات تعمیر کرانے کی تجویز دی۔ انہوں نے بتایا کہ اس سے ملک کی دوسری انڈسٹری کو بھی ترقی کے مواقع ملیں گے اور ملک میں بے روزگاری کا مسئلہ بھی حل ہوجائے گا۔ مشیر خزانہ نے شوکت ترین نے ڈاکٹر فاروق ستار کو یقین دلایا کہ HBFC کو پرائیوٹائز نہیں کیا جائیگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ محکمے کے نئے سربراہ جعفری صاحب کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ محکمے کو اور زیادہ فعال کریں تاکہ ملک کی ترقی میں HBFC اپنا کردارادا کرسکے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے مشیر خزانہ کو بتایا کو جن لوگوں نے مکان بنانے عوض HBFC سے قرضہ لیا ہے ان سے صرف اصل زر وصول کیا جائے اوراقساط جمع کرانے والے لوگوں کے انٹرسٹ (Interest) معاف کردیا جائے۔ مشیر خزانہ شوکت ترین نے وفد کو یقین دلایا کہ ان کی دی ہوئی تجویز پر عمل ہوگا۔

ذخیرہ اندوزی میں ملوث عناصر کے خلاف سخت ترین تادیبی کارروائی عمل میں لاکر غریب عوام کو ریلیف فراہم کیلئے فی الفور اقدامات کئے جائیں، اراکین قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔15، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے بجٹ اعلان کے ساتھ ہی روزمرہ استعمال کی اشیاء کی قیمتوں میں اضافے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ ذخیرہ اندوزی میں ملوث عناصر کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ موجودہ سال کے بجٹ کا اعلان ہوتے ہی آٹا، تیل اور دیگر اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں اضافہ ہوگیا ہے جس سے غریب عوام بری طرح متاثر ہورہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ کا فائدہ عوام تک پہنچانے کیلئے ضروری ہے کہ ذخیرہ اندوزی میں ملوث عناصر کے خلاف سخت تادیبی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے دور میں بجٹ سے عوام آس لگائے بیٹھے تھے لیکن بجٹ کے اعلان کے ساتھ ہی اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں اضافے نے انہیں مایوسیوں میں دھکیل دیا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ بجٹ اعلان ہوتے ہی اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں اضافے کا فی الفور نوٹس لیا جائے اور ذخیرہ اندوزی میں ملوث عناصر کے خلاف سخت ترین تادیبی کارروائی عمل میں لاکر غریب عوام کو ریلیف فراہم کیلئے فی الفور اقدامات کئے جائیں۔

ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر کے شہید کارکن ذاکر کی والدہ محترمہ اور بزرگ کارکن کے والد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔15، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نیایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر یونٹ 142 کے شہید کارکن ذاکر کی والدہ محترمہ زاہدہ بیگم اور ایم کیوایم ایلڈرز ونگ نیوکراچی سیکٹر یونٹ 140-B کے یونٹ انچارج منصور کے والد حضور علی صدیقی کے انتقال گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی نے سندھ گورنمنٹ لیاقت آباد اسپتال اور سندھ سروسز اسپتال کی کمیٹیوں کے نو منتخب عہدیداران کا اعلان کر دیا

کراچی ۔۔۔15، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی میڈیکل ایڈ کمیٹی کا ایک اجلاس گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں منعقد ہوا جس میں سندھ گورنمنٹ لیاقت آباد اسپتال اور سندھ سروسز اسپتال کی کمیٹیوں کا اعلان کیا گیا اور نو منتخب ذمہ داران کو مبارکباد پیش کی گئی ۔اجلاس کی صدارت ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے انچارج ڈاکٹر فاروق جمیل نے کی ۔اس موقع پر میڈیکل ایڈ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج منور حسن، جوائنٹ انچارج ڈاکٹر ثقلین جعفری، کمیٹی ممبران ڈاکٹر منصور رحمان، ناصر بیگ، فریدالدین سمیت دیگر مختلف اسپتالوں کے ذمہ داران، ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان بڑی تعداد میں موجود تھے۔ اجلاس میں سندھ خصوصاً کراچی کی موجودہ سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اور میڈیکل ایڈ کے تنظیمی کاموں کو مزید بہتر بنانے پر زور دیا گیا اور اس سلسلے میں مختلف آراء پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں مرکزی میڈیکل ایڈ کمیٹی کے رکن ناصر بیگ نے نظامت کے فرائض انجام دیئے جبکہ اجلاس سے انچارج میڈیکل ایڈ کمیٹی ڈاکٹر فاروق جمیل، جوائنٹ انچارج منور حسن، ڈاکٹر ثقلین جعفری، فریدالدین سمیت دیگر نے خطاب کیا اور ذمہ داران و کارکنان کو آنیوالے حالات سے پوری طرح آگاہی فراہم کیں۔ اجلاس میں قائد تحریک الطاف حسین کی درازی عمر صحت و تندرستی کیلئے دعا بھی کی گئی۔

☆☆☆☆☆